برائے: سیکنڈری کے والدین / سرپرست اور 9ویں تا 12ویں جماعتوں کے طلباء

**سیکنڈری کے طلباء کے لئے ڈیلیوری ماڈل فارم میں تبدیلی**

---

**یہ خط درج ذیل زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے:**

**عربی**(العربية) **ہندی**(हिंदी) **پنجابی**(ਪੰਜਾਬੀ) **سادہ چینی زبان**(中文)

**فرانسیسی**(Français) **ہسپانوی**(Español) **اردو**

**دیگر زبانوں کے لئے، یہاں کلک کریں۔**

14 دسمبر، 2020

ایچ ڈی ایس بی کے سیکنڈری کے طلباء کے عزیز خاندان،

پچھلے ہفتہ پہنچائے گئے پیغام کے مطابق، ایسے خاندان جو 8 فروری 2021 سے نافذ العمل، پڑھائی کے طریقہ میں تبادلہ (یعنی بذاتِ خود جا کر پڑھنے کی بجائے ورچوئل **یا** ورچوئل کی بجائے خود جا کر پڑھائی کرنا) چاہتے ہیں، ان کو چاہئے کہ چینج ان ڈیلیوری ماڈل فارم لازمی پُر کریں۔ **یہ فارم، اَب سے لے کر 4 جنوری کی رات 11:59 بجے تک کھلا ہے۔** یہ فارم **محض** اُن خاندانوں کے لئے ہے جو پڑھائی کے طریقہ میں تبادلہ چاہتے ہیں۔ **اگر آپ پڑھائی کے طریقہ میں تبدیلی نہیں چاہتے، تو براہِ کرم، یہ فارم پُر مت کریں۔**

خاندانوں کی فارم بھرنے سے قبل، درج ذیل معلومات کو دیکھنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ **براہِ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا جواب آپ کا حتمی فیصلہ ظاہر کرتا ہے۔**

اگر آپ **بذاتِ خود جا کر پڑھائی کرنے سے، ورچوئل پڑھائی** میں تبادلہ کروانا چاہتے ہیں تو آپ سے درج ذیل تمام بیانیوں سے متفق ہونے (ایکنالج کرنے) کو کہا جائے گا:

میں (والدین / سرپرست یا 18 سال سے زائد العمر ہونے کی صورت میں طالبعلم) سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ:

- ❑ کورسز، ورچوئل (آنلائن) ہوں گے اور ہر کورس کے لئے پڑھائی سکول کے دن کے دوران، اصل وقت کے مطابق (سنکرونس-ہم آہنگ) ہو گی۔
- ❑ خصوصی پروگرامز (اے پی، آئی بی، اے ایل پی، اور آئی سٹیم) سیکنڈری-ورچوئل سکول میں مہیا نہیں ہیں۔
- ❑ ہو سکتا ہے کہ اِختیاری مضامین اور کچھ منتخب کردہ سپیشلسٹ ہائی سکِلز میجر (شِز مز) بھی مہیا نہ ہوں اور آپ کا سکول طلباء کے ساتھ متبادل اختیاری کورسز ڈھونڈنے میں آپ کی مدد کرے گا، جس سے تمام کورسز کی، ٹائم ٹیبل میں موجود جگہ میں تبدیلی ہونے کا قوی امکان ہے۔
- ❑ ہو سکتا ہے کہ پڑھائی کے طریقوں میں تبادلہ کرتے ہوئے فرینچ ایمرژن اور گفٹڈ کلسٹر کی تمام اختیارات مہیا نہ ہوں۔
- ❑ پڑھائی کے ماڈل کے اس تبادلہ سے یہ بات یقینی ہے کہ میرا بچہ / میں (18 سال سے زائد العمر ہونے کی صورت میں) بورڈ کی ٹرانسپورٹیشن سے ہٹا دیا جاوں گا / دی جاوں گی (لاگو ہونے کی صورت میں)۔

اگر آپ **ورچوئل سے بذاتِ خود جا کر کرنے والے پڑھائی کے طریقہ** میں تبادلہ کر رہے ہیں تو آپ کو درج ذیل سے متفق ہونا (ایکنالج کرنا) ہو گا:

میں (والدین / سرپرست یا 18 سال سے زائد العمر ہونے کی صورت میں طالبعلم) سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ:

- ❑ روزانہ سکول آنے سے قبل، میرے بچہ کی سیلف اسکریننگ (خود کی جانے والی جانچ)، حکومتِ اونٹاریو کے کووِڈ-19 سکول سکریننگ ٹُول کے استعمال کے ذریعہ مکمل کرنا لازمی ہے۔

- میرے ہوم سکول (گھر کو لگنے والے سکول) میں پڑھائی کا طریقہ، 180 منٹ کے دورانیہ پر محیط صبح کی ایک کلاس پر مشتمل ہے۔ طلباء اپنے مخصوص گروہ میں، ہفتہ کے دو یا تین دن سکول جاتے ہیں (اے اے بی بی بی / اے اے اے بی بی) اور سہ پہر کو ہونے والی 120 منٹ دورانیہ کی ایک کلاس روزانہ آنلائن لیتے ہیں، جس میں سنکرونس (ہم آہنگ) ونان سِنکرونس (غیر ہم آہنگ) دونوں طرح کی تعلیم شامل ہے۔
- ہو سکتا ہے کہ منتخب کردہ اختیاری مضامین مہیانہ ہوں۔ طلباء کا نامزد ہوم سکول، طلباء کے ساتھ متبادل اختیاری کورسز ڈھونڈنے میں ان کی مدد کرے گا، جس سے تمام کورسز کی، ٹائم ٹیبل میں موجود جگہ میں تبدیلی ہونے کا قوی امکان ہے۔

*سیکنڈری کے طلباء کے لئے، چینج اِن ڈیلیوری فارم کو ابھی پُر کیجیے:*

**http://bit.ly/HDSBLearningSecondary0121**

اپنے پڑھائی کے طریقہ میں تبادلہ کروانے والے طلباء اپنے اپنے منتخب طریقہ پڑھائی میں 8 فروری، 2021 بروز پیر کو منتقل ہوں گے۔ اس تاریخ تک، جو کہ کواڈمیسٹر 2 کے اختتام کی تاریخ ہے، طلباء سے ان کے موجودہ پڑھائی کے طریقہ میں پڑھائی جاری رکھنے کی امید کی جاتی ہے۔

کسٹڈی اگریمنٹس (تحویل کے معاہدہ جات) اور پڑھائی کے لئے فیصلہ کرنے کے مشترک حقوق والے خاندانوں کے لئے، اس فیصلہ میں دونوں فریقین کی رضامندی شامل ہونا ضروری ہے۔ براہِ کرم پڑھائی کے طریقہ میں تبدیلی کی تصدیق کے لئے اپنے بچہ کے سکول سے رابطہ قائم کریں۔

***مزید معلومات***

پڑھائی کے دونوں طریقوں کے بارہ میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے براہِ کرم ہماری سکول ری اوپننگ ویب سائٹ وزٹ کریں۔

ہم، ایچ ڈی ایس بی ویب سائٹ، سکول میسنجر ای میلز اور سکول کے سوشل میڈیا (ٹویٹر، فیس بُک، انسٹاگرام) کے ذریعہ، آپ کو مطلع رکھنا جاری رکھیں گے۔